مرکزی جمعیت اہل حدیث کے دیرینہ کارکن اور عالم دین مولانا محمد یحیٰ (غوثیہ آباد والے) رحلت فرما گئے

تمام دینی جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت حزن وملال کے ساتھ سنی گئی کہ عالم باعمل مولانا محمد یحیٰ (غوثیہ آباد والے) طویل علالت کے بعد 21 جنوری 2008ء کو رحلت فرما گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

آپ مدرسہ دارالقرآن والحدیث جناح کالونی کے فارغ التحصیل تھے اور عرصہ 30 سال سے غوثیہ آباد ملت روڈ پر خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ بہت صالح اور صاحب کردار تھے۔ آپ نے بہت سادہ مگر باوقار زندگی گزاری۔ آپ مرکزی جمعیت کے ساتھ گہری وابستگی رکھتے تھے اور تمام پروگراموں میں بڑھ کے حصہ لیتے تھے۔ شدید اختلاف کے دور میں بھی مرکزی جمعیت کے ساتھ منسلک رہے۔ بہت ملنسار اور منکسر المزاج تھے۔ دینی اداروں' خاص کر جامعہ سلفیہ کے ساتھ حسن تعاون فرماتے تھے۔ آپ کی دینی' دعوتی' تبلیغی مساعی کو ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔ آپ کی نمازِ جنازہ جامعہ سلفیہ میں شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم نے پڑھائی اور سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں قریبی قبرستان میں دفن کیا گیا۔

ادارہ جامعہ ان کی رحلت پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے اور مرحوم کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہے۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆......☆

حافظ محمد شریف (مدیر مرکز تربیہ اسلامیہ فیصل آباد) کو صدمہ

تمام جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت حزن وملال کے ساتھ سنی گئی کہ حافظ محمد شریف مدیر مرکز تربیہ اسلامیہ فیصل آباد کی والدہ ماجدہ 22 جنوری 2008ء کو بھمبہ کلاں ضلع قصور میں رحلت فرما گئیں۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

آپ بہت نیک اور صوم وصلوۃ کی پابند تھیں۔علماء کرام کی بڑی قدر دان تھیں۔اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس عطاء فرمائے۔

آپ کی نمازِ جنازہ بھمنبہ کلاں ضلع قصور میں ادا کی گئی۔امامت کے فرائض شیخ الحدیث مولانا مسعود عالم نے سرانجام دیئے۔نمازِ جنازہ میں علماء کرام کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔خصوصاً مولانا عبدالعزیز علوی' مولانا محمد یونس بٹ' مفتی عبدالحنان زاہد' پرنسپل جامعہ سلفیہ چودھری یاسین ظفر' مولانا محمد ادریس سلفی' مولانا عبدالحمید ہزاروی' مولانا حافظ عبدالمنان نورپوری' مولانا محمد رفیق' قاری محمد سعید کلیروی' قاری صہیب احمد' قاری محمد ابراہیم' مولانا ارشادالحق اثری' مولانا عبدالحیٰ انصاری' مولانا محمد ارشد کے علاوہ عمائدین اور سیاسی حلقوں سے لوگوں کی بڑی تعداد نے نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔

ادارہ جامعہ سلفیہ مولانا حافظ محمد شریف کے ساتھ والدہ کی رحلت پر دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے اور مرحومہ کی بلندی درجات کے لیے دعا گو ہے۔اللہ تعالیٰ تمام لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔آمین۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالرحمٰن کا سانحہ ارتحال

تمام جماعتی' دینی اور علمی حلقوں میں یہ خبر نہایت حزن و ملال کے ساتھ سنی گئی کہ کلیہ دارالقرآن والحدیث جناح کالونی فیصل آباد کے شیخ الحدیث مولانا حافظ عبدالرحمٰن ۲۶ جنوری ۲۰۰۸ء کو حرکت قلب بند ہونے سے رحلت فرما گئے۔اناللہ وانا الیہ راجعون۔

آپ کا شمار پاکستان کے ممتاز علماء اور اساتذہ کرام میں ہوتا ہے۔آپ عرصہ چالیس سال سے کلیہ دارالقرآن میں بطور استاد تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔آپ انتہائی سادہ' بہت صالح' پاکیزہ خیالات کے حامل اور نمود و نمائش سے کوسوں دور رہنے والے عالم باعمل تھے۔آپ بہت خوش اخلاق اور ملنسار تھے۔

آپ کی اچانک رحلت سے ہم ایک مخلص استاد اور مشفق مربی سے مرحوم ہوئے ہیں اور جو خلا پیدا ہوا ہے' مدتوں پُر نہ ہو سکے گا۔اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ نصیب فرمائے۔بشری لغزشوں کو معاف فرمائے۔ان کی دینی' تعلیمی' تدریسی' دعوتی خدمات کو شرفِ قبولیت سے نوازے اور تمام لواحقین اور متعلقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

ادارہ جامعہ سلفیہ ان کے لواحقین خصوصاً صاحبزادے مولانا عطاء الرحمٰن سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے اور بلندی درجات کے لیے دعا گو ہے۔